GUMAN ISSN Online : 2709-4162
ISSN Print : 2709-4154

Volume.6, Issue.4 (2023)
(October- December)

Ali Shariati, an Aficionado Adherent of Iqbal´s Philosophy

علی شریعتی فلسفہ اقبال کا شیدائی

Aisha bibi
Shakeela Naz
Laila Ilham
M.Phil Scholar Kohat University of Science & Technology Kohat
Associate professor Islamiat GGDC Usterzai Kohat
Lecturer Kohat University of Science & Technology Kohat

Abstract

Ali shariati was a generational icon having multi-faceted personality,a socioligist,august intellectual,political-activist,scholor,revolutionary,philosopher and most influential social reformer of 20th century.In addition to his ancestors,French Paul Sartre,Albert Camus,Iranian Muhammad Ali Barqi,Jamal-ul-Din Afghani aad Allama Iqbal´s thoughts in particular, have a profound influence on the life philosophy and revolutionary mood of shariati.He has delved deep in to Iqbal´s mind and soul and presented his message in simple and lucid form for readers to understand Iqbal´s pivotal role as the leader of contemporary Islamic resurgence.Iranian,known for their poetic appetite have a special admiration for Iqbal,Iqbal is also considered to have laid the foundation for the Iranian revolution.The intellectual currents of Iqbal and Shariati flow in the same direction.Their prime concern is the development and prosperity of muslims in every field of life.They wake up their slacking nation from slumber and remind them of their glorious past.Both are the most influential social reformers and prominent figures of international calibre.Shariati´s liking for Iqbal and being madly influenced by him can be estimated from these words,"Iqbal is a man who attains the height of political awareness of his time to the extent that some people believe him to be solely a political figure and a liberated nationalist leader.A man who,in philosophical thought,rises to such a high level that he is regarded as a modern ideologue and scholor on par with 'Bergesen' in the Europe today or of the same stature as 'Ghazzali' in the past of islamism.Shariati developed a new perspective towards politic,society,history and sociology of Islam by following the footsteps of Iqbal.Both Iqbal and shariati were influenced by the Muslim world´s contemporary "encounter with the west".Although Iqbal lived in an earlier period of this encounter,the problems produced by it were generally the same in shariati´s life.Therefore the diagnosis and analysis made by both muslim intellectuals naturally resembled each other.Iqbal was one of the most beloved personalities of late shariati,he was disciple of Iqbal,in shariati´s writing and speeches Iqbal and his renewed religious thought are repeatedly mentioned and there is a repitation of adoration and unparalleled tributes to Iqbal,how ever in this particular paper we are going to discuss only four topics,"selfhood"(khudi),"revival of the nation","casuistry"(Ijtihad)and "Anti-colonialism" regarding the influence of Iqbal on shariati´s thoughts.

Key words: delve, lucid, pivotal, resurgence, slacking, slumber, contemporary, disciple, revival.

ISSN Online : 2709-4162
ISSN Print : 2709-4154
Volume.6, Issue.4 (2023)
(October- December)

مقدمہ

۱۹۷۹میں ایران میں جو اسلامی انقلاب رونما ہوا اور جس طرح ایک ملک کے نہتے، مجبور اور بے بس عوام نے ایک مذہبی رہنما کی قیادت میں جاہ و جلال، دولت و حشمت، وحشت و بربریت اور ظلم وستم کو شکست فاش دے کر محمد رضا شاہ پہلوی کو تخت و تاج چھوڑ کر ایران سے فرار ہونے پر مجبور کیا وہ صرف ایران ہی کی تاریخ میں نہیں بلکہ دنیا کی تاریخ میں بھی ایک نئے عنوان اور ایک نئے باب کی حیثیت رکھتا ہے۔ اگر ہم دنیا کے انقلابوں پر نظر ڈالیں تو ہم کو صاف نظر آئے گا کہ دنیا میں جو اہم انقلابات آئے ہیں اور جنہوں نے قوموں اور ملکوں کی تاریخ کے رخ کو ایک نیا موڑ دیا ہے، وہ کسی فرد واحد کی محنتوں کے ثمرہ نہ تھے بلکہ ان انقلابوں کے پس پشت بہت سے مخفی عوامل اور گم نام شہیدوں کا خون بھی کار فرما تھا۔ اس میں تو کوئی کلام نہیں کہ ایران کے اسلامی انقلاب کی رہنمائی کا فریضہ آیت اللہ خمینی نے انجام دیا ہے، لیک ، لیکن اگر ایران کا ہر فرد وبشرہ مرگ برشاہ اور درود بر خمینی کا نعرہ نہ لگاتا ، آیت اللہ خمینی کی دعوت پر لبیک نہ کہتا ، مائیں اپنے بچوں، بہنیں اپنے بھائیوں اور بیویاں اپنے شوہروں کو اسلامی انقلاب کی راہ میں نہی خوشی قربان نہ کر دیتیں تو کیا یہ ممکن تھا کہ آیت اللہ خمینی کی تنہا کوششیں بارہ آور ہوتیں ؟ اگر آیت اللہ خمینی کے افکار و نظریات پر لبیک کہتے ہوئے علماء کے علاوہ ایرانی دانش وروں کا بہت بڑا طبقہ آگے نہ بڑھتا اور ایران کے مدرسوں ، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں آیت اللہ خمینی کے افکار و خیالات کی ترویج و اشاعت نہ کرتا تو کیا یہ ممکن تھا کہ جس نوجوان طبقے کو شاہ اور اس کی خفیہ پولیس، ساواک نے شراب اور جنس میں گلے گئے تک ڈبو دیا تھا، اسلامی انقلاب کا ہر اول دستہ بنتا ؟ علماء کے علاوہ دانش ور طبقہ کے جن افراد نے اسلامی انقلاب کی راہ ہموار کی اور اسی مقصد کے لیے اپنی جان، جان آفریں کے سپرد کر دی ان میں سرفہرست مرحوم ڈاکٹر علی شریعتی کا نام آتا ہے ۔ یہ ایک دلچسپ حقیقت ہے کہ ڈاکٹر علی شریعتی قرآن و حدیث کے بعد اگر کسی چیز سے متاثر ہوتے تو وہ کلام اقبال اور صرف کلام اقبال ہے ۔ آپ علی شریعتی کی کوئکتاب اٹھا لیجئے یا ان کا کوئی مقالہ پڑھیے آپ کو کہیں نہ کہیں ایسا ضرور محسوس ہوگا کہ کوئی شخص اقبال کے فارسی اشعار کو پر زور مدلل اور مربوط فارسی نثریں بیان کرتا چلا جارہا ہے اور بیان کرنے والے کو جو بھی ذہنی غذا حاصل ہو رہی ہے اس کا ماخذ و منبع کلام اقبال اور صرف کلام اقبال ہے ۔ ١

اقبال نے بھی ایران سے محبت میں شاعری کے لیے زیادہ تر فارسی ہی کو ذریعہ اظہار بنایا اقبال علیہ رحمہ کے تقریباً بارہ ہزار اشعار میں سے سات ہزار اشعار فارسی زبان میں ہیں- اس سے بخوبی اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ شاعر مشرق کو اردو کے مقابلے میں فارسی زبان سے زیادہ رغبت و محبت تھی علامہ اقبال کی چراغ فکر کو ترقی دینےکے لیے جن شخصیات نے اپنا حصہ ڈالا ہے اُن میں ایران کے انقلاب پسند فلسفی علی شریعتی بھی شامل ہیں - اقبال اور علی شریعتی کے افکار بہت مماثلت ہے- فرانس کے انقلاب کو والٹیر اور روسو جیسے دانشوروں نے انقلابی فکر بخشی ویسے ہی ایرانی انقلاب کیلئے ذہن سازی کا زیادہ تر کام ڈاکٹر علی شریعتی نے کیا، صرف 43 سال کی عمر میں جلاوطنی کے دوران

GUMAN
ISSN Online : 2709-4162
ISSN Print : 2709-4154
Volume.6, Issue.4 (2023)
(October- December)

پراسرار طور پر قتل ہوجانیوالے ڈاکٹر علی شریعتی نے 22 سال تعلیم میں لگائے، 9سال مختلف اسکولوں اور یونیورسٹیوں میں پڑھاتے رہے، 5 سال جلاوطن اور سوا 2 سال شاہ ایران کے قیدی رہے، لہذا اگر جمع و تفریق کی جائے تو اس فلسفی، مفکر اور دانشور کے پاس سکون اور اطمینان کے صرف 5 سال ہی بچتے ہیں لیکن کام دیکھا تو معلوم ہو کہ مختصر سی مدت میں انہوں نے ایران اور ایرانی قوم کیلئے جو کچھ کیا کوئی دوسرا شاید 100 سال میں بھی نہ کر پاتا- 25 کتابوں کے مصنف علی شریعتی فکر اقبال سے بہت متاثر تھے ان کی تحریروں کو انقلاب ایران کا والٹئر کہا جاتاہے-انقلاب ایران کے بارے میں کہتے ہیں کہ " 1979 کے انقلاب ایران میں اقبال ایران کے م power and awakening خیال کیا جاتا ہے" ایران کے معاشرے میں علامہ اقبال بہت مقبول اور جانی پہچانی شخصیت ہیں، بچوں، جوانوں حتیٰ کہ ٹیکسی ڈرائیور سے لے کر اعلیٰ سرکاری حکام تک تقریباً ہر شخص علامہ اقبال کے کچھ نہ کچھ فارسی کلام کو جانتا ھے -ایران میں علامہ اقبال اقبال لاہوری" کے نام سے معروف ہیں- ۲

علامہ اقبال کی عظمت کو سب سے بڑا خراج عقیدت ایران کی طرف سے دیا گیا ھے رہبر انقلاب آیت اللهخمینی نےکہا کہ اقبال کا پیغام انقلاب ایران کی قوت متحرکہ تھی- ایرانی عوام پاکستانیوں کے مقابلے میں علامہ اقبال کے کلام سے زیادہ متاثر ہیں-وہ علامہ کو رومی حافظ و سعدی شیرازی کی ردیف میں قرار دیتے ہیں اور ہمیشہ ان کے پیغام سے فیض پاتے ہیں-

علی شریعتی کے افکار کا اظہار ان کی تصانیف میں ہوا ہے - اقبال کی طرح ان کے افکار کی بھی بنیاد اسلام، قرآن، اسلامی عقاید اسلامی فکر اور اسلامی اعمال کا فکر و نظر کے اندر راسخ ہونے میں تھی-

خوش قسمتی سے ڈاکٹر علی شریعتی کے وہ خیالات و افکار بھی محفوظ کر لیے گئے ہیں جو براہ راست علامہ اقبال کی ذات اور ان کے پیام سے تعلق رکھتے ہیں - تہران کے مشہور مدرسہ حسینیہ ارشاد میں انھوں نے اقبال کے بارے میں دو تقریریں کی تھیں ان میں سے ایک تقریر کا عنوان "اقبال دما " تھا اور دوسری اقبال مصلح قرن آخر " کے عنوان سے تھی-۳

شریعتی اقبال کو ان الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہیں

میں جب اقبال کے بارے میں غور کرتا ہوں تو اُسی کو علی علیہ السلام کی طرح پاتاہوں- ایک ایسا انسان جو علی کی طرح کا ہے مگر تھوڑا ساکم و بیش یعنی بیسویں صدی کے انسان کی استعداد کے مطابق - کیونکہ علی وہ ہستی میں جو کہ نہ صرف اپنی فکر اور بات کے لحاظ سے بلکہ اپنے وجود اور زندگی کیساتھ بھی عالم بشریت کے سارے دردوں ضرورتوں بلکہ سب ادوار میں کئی قسم کی ضروریات کو پورا کرسکتے ہیں-

اگر ہم چائیں کہ وسطی صدیوں کی پوری تاریخ کا تجزیہ کر کے اس کے تاریخی جسم کی دوبارہ تالیف و تجدید کریں تاکہ یہ روح اس مکمل اور درست بدن میں واپسی چلی جائے اور پھر سے اُمت مسلمہ کا یہ موجودہ بے حس شدہ مادہ اس روح القدس میں تبدیل ہو جائے تو صور اسرافیل کی طرح بیسویں صدی کی مردہ سوسائیٹیوں میں سے چھوٹ کر ساری بارآور حرکات، تمام روحانی قوت اور معنویت دنیا میں پیدا کردے تو مسلمانوں کی تجدید حیات شدہ نمونے کی شخصیت ، اور اُن کے ایک وسرے سے الگ شدہ اور بکھرے ہوئے انسانی عناصر اگر ایک نئے بدن میں جلوہ نگین ہو جائیں تو یہ نئی بنائی ہوئی اور نئی

ISSN Online : 2709-4162
ISSN Print : 2709-4154
Volume.6, Issue.4 (2023)
(October- December)

چاہی ہوئی شخصیت محمد اقبال کی شخصیت ہوگی- اقبال اپنے مکتبہ فکر اور بنیادی طور پر اپنی ہستی کے ساتھ یہ ظاہرکرتاہےکہ وہ فکر جس کے ساتھ اُس کی وابستگی ہے یعنی اسلام ایسی فکر ہے کہ میں نےانسان کی دنیاوی اور مادی ضروریات پر بھی بہت توجہ دی ہے ، مگر اس کے ساتھ ساتھ وہ آدمی کو ایسا دل بھی عطا کرتی ہے کہ اُس کے اپنے قول کے مطابق کہ وہ سحری اور پو پھٹنے کے وقت زندگی کی خوبصورت ترین کیفیات کو ملاحظہ کرتا ہے: وہ مادیت سے منزاً ایک پاکیزہ روح کا حامل عارف بزرگ ہے اور اس کے ساتھ ساتھ وہ ایک ایسا آدمی ہے جو ہمارے زمانے میں علم، ٹیکنالوجی اور انسانی عقل کی ترقی کو عظمت و احترام کی نگاہ سے دیکھتا ہے۴)

" اقبال کا بشریت کے لئے سب سے بڑا اعلان یہ ہے کہ دل عیسی کی طرح، سوچ سقراط کی طرح اور با تھ قیصر کی طرح رکھو مگر ایک انسان اور ایک بشری وجود میں ایک روح کی بنیاد رکھنے کے لئے اور ایک مقصد تک پہنچنے کی خاطر یعنی خود اقبال بننے کے لئے ، ایک ایسا آدمی بننے کے لئے جو اپنے دور کی سیاسی بیداری کا بھی انتہائی حد تک احساس رکھتا تھا یہ بات اس لئے کی ہے کیونکہ بعض لوگ اُس کو صرف ایک سیاسی شخصیت اور بیسویں صدی میں قومی آزادی کا خواہان اور استعمار مخالف رہبر جانتے ہیں۔وہ علمی میدان اور فلسفیانہ سوچ میں بھی اس معیار کا تھا کہ موجودہ مغرب میں اسی کو اس دور کے ایک مفکر اور فلسفی کی حیثیت سے برگسان کی صف میں رکھا جاتا ہے اور تاریخ اسلام میں غزالی کا ہم پلہ شمار کیا جاتا ہے ۵

اقبال نے اس زمانے کی تمام فلسفیانہ اور روحانی منازل کو اپنی بصیرت اور اپنے اسلامی ایمان کی روشنی کے ساتھ طے کیا اور یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ ایک ایسا مسلمان مہاجر ہے جو بھر ہندکی پراسرار گہرائیوں سے اُبھرا اور اُس نے یورپ کے پہاڑوں کی بلند ترین علمی چوٹیوں کو سر کیا مگر وہاں قیام پذیر ہونے کی بجائے ہم میں واپس آگیا تاکہ ایک حیران کن قسم کی سفری سوغات اپنی قوم کو یعنی ہمیں پیش کر سکے اور مجھے نظر آرہا ہے کہ اس نے بیسویں صدی میں اپنی خود آگاہ ، درد مند نگر منتشر قوم کے لئے اپنی شخصیت میں اسلام کا نمونہ پیش کیا -٦

"خودی اقبال و شریعتی کی نظر میں"

تصور خودی اقبال کی فکرکا مرکزی نکتہ ہے اُنھوں نے اپنی نظموں خاص کر اسرارخودی اور رموز بےخودی میں اس موضوع پراظہارخیال کیا ہے

اقبال نے جسے خودی کہا ہے اُسی کو شریعتی نے "بازگشت به خویشتن کہا ہے اور جس طرح سے اقبال نے اپنے کلام نظم و نثر میں جا بجا خودی کا ذکر مختلف پیرایوں میں کیا ہے اسی طرح شریعتی نے بھی "بازگیر ، بہ خوشین" یعنی اپنے آپ کی طرف واپسی کا ذکر بار بار مختلف تحریروں اور تقریروں میں کیا ہے- اقبال نے جس کیفیت کو تعمیر خودی کا نام دیا ہے- شریعتی اسی کو خود سازی کا نام دیتے ہیں شریعتی کے ایران میں حکومت بظاہر ایرانیوں ہی کی تھی مگر در پردہ وہاں امریکین اور یورپین استعمار حکمران تھا- عوام الناس پس رہے تھے - اقبال کے ہندوستان میں حکومت انگریزوں ہی کی تھی اور مقامی یعنی مسلمان اور ہندو اُن کے پنجہ استبداد میں پھنسے ہوئے تھے اور ان کا خون نچوڑا جارہا تھا- دونوں کے ماحول الگ الگ ہونے کے باوجود دونوں میں فکری یکجہتی پائی جاتی تھی-

GUMAN
ISSN Online : 2709-4162
ISSN Print : 2709-4154
Volume.6, Issue.4 (2023)
(October- December)

خودی کا لفظ اقبال سے پہلے غرور و کبر نخوت اور خود پرستی کے مفہوم میں استعمال ہوتا رہا ۔ اقبال نے اس لفظ کو نئے اور انقلابی معنی عطا کئے اور اس کے مفہوم میں بہت وسعت پیدا کر دی۔ ان کے نزدیک خودی سے مراد ہر فردمیں موجود زبردست طاقت و صلاحیت ہے اور نفس مطلق اور عالم کے آپس کے تعلق کو بھی ظاہر کیا ہے۔ خودی کو اقبال کے افکار و نظریات میں بنیادی حیثیت حاصل ہے

اقبال اپنی کتاب اسرار خودی میں فرماتے ہیں

آپ نے بڑی ہی فلسفی سوالات اور انسانی ماہیت کے بارے میں غور کیا ہے- اس سوال کا جواب انسانی تاریخ اور فلسفے کی مختلف تصورات پر منحصر ہوتا ہے-

یہ سچ ہے کہ انسانی تخیلات اور احساسات شعور کی وجود میں اہم کردار ادا کرتے ہیں- ان کے بغیر، انسان کا زندگی میں کوئی خصوصی معنوں کی کمی ہوتی- ان کے ذریعے ہی انسانیت کی اصلیت اور خصوصیت ظاہر ہوتی ہے-

اگر ہم اس سوال کو اخلاقی طور پر دیکھیں تو یہاں اخلاقی اصول کا تاثر آتا ہے- انسانیت کا حقدار اس اصول کو مانتا ہے کہ احساسات اور تخیلات کو تیز نگاہ سے دیکھ کر برداشت کرنا چاہئے تاکہ انسان اخلاقی طور پر بہتر بن سکے اور دوسروں کے ساتھ بہتر سلوک کر سکے- اس کی مدد سے انسانیت میں اخلاقی پیشرفت اور معاشرتی تعاملات میں بہتری آتی ہے-

مغربی ممالک کی بات کرتے ہوئے، اس معمول کی طرف رجحان کرنے کی وجہ ہوتی ہے کہ وہ غربی تصورات اور مقامات کو اپنا کر ترقی کرنا چاہتے ہیں- یہ ایک سمجھدارانہ روایت ہے، لیکن یہ بھی اہم ہے کہ انسانی اخلاق کی بنیاد پر مشرقی اور مغربی تصورات کو ایک ساتھ ملایا جائے تاکہ دنیا بھر کی افراد ایک دوسرے کے ساتھ احترام اور محبت سے رہ سکیں-

یہ تو ثابت ہے کہ انسان کی طبعیت میں خودی اور انا اہم کردار ادا کرتے ہیں، لیکن اس کا جواب ہماری خصوصی معاشرتی، ثقافتی، اور اخلاقی ماحول میں ہوتا ہے- اسی طرح، زندگی کو مصلحت کی روشنی میں دیکھنے کی مدد سے ہم اپنے اہداف اور مقاصد کی طرف بڑھتے ہیں- اصولوں کی بنیاد پر، ہمیں احسان مندی، احترام، اور اخلاقی مقدارد کی پیروی کرنی چاہئے تاکہ ہم انسانیت کی جوہری اور اہمیتی قیمتوں کو قائم رکھ سکیں-۷

شریعتی خودسازی کا تعارف کرتے ہوۓ کہتے ہیں

خودسازی کا مقصد یہ نہیں ہے کہ جو گیوں راہبوں اور مذہبی عابدوں کی طرح اپنے آپ کو دوسرے لوگوں، زمانے اور ان تمام روابط جو ہمارے اپنے آپ اور معاشرے کے مابین میں اور ہونے چاہیے سے الگ تھلگ کر کے رکھیں یا ان خیالی ، ذہنی موروثی اور فرقہ وارانہ اقدار کی بنیاد پر با اُن خصوصی نصب العینوں جو روحانی اور صوفیانہ اخلاق میں میں کے مطابق پرورش کریں

اسی موضوع کے تحت مزید وضاحت کرتے ہوئے تحریر کرتے ہیں :

" پہلا قدم اپنے آپ کا کشف کرنا اور اپنی انسانی استعدادوں پر ایمان لانا ہے۔ تاہم اس کامفہوم ایک جاہلانہ خود پسندی نہیں ہے بلکہ اُن انسانی اقدار کی طرف خود آگاہانہ واپسی ہے جو ہم میں میں اور ہم سے لی گئی نہیں۔ بے شک ، آنے والے کل کا انسان وہ انسان ہوگا، جو تمام گزشتہ اور موجودہ زندانوں یعنی جو کچھ ہم نے ورثے میں پایا اور جو کچھ ہم پر مسلط کیا جاتا رہا ہے، سے آزاد ہونے کی لیاقت حاصل کر چکا ہو گا اور دماغی وروحانی طور پر تازہ کشف

GUMAN
ISSN Online : 2709-4162
ISSN Print : 2709-4154
Volume.6, Issue.4 (2023)
(October- December)

کرنے کی صلاحیت حاصل کر چکا ہوگا۔ آنے والے کل کا نصب العین ان بہت سارے تجربات کا نتیجہ ہے جو انسانیت نے بہت زیادہ قیمت دیکر حاصل کیا ہے۔

شریعتی خودی کےمتعلق مزید اظہارخیال کرتےہوۓ کہتےہیں

اپنےآپ کیطرف واپس لوٹو وہاں سب کچھ پالوگےکیونکہ یہاں سب کچھ ہے ظاہر میں اندھیرا ہے- یہ چشمے غم کے سوا کچھ نہیں پھوٹتے-گو تم بدھ ٹھیک بولتا تھا- نجات دل میں پوشیدہ ہے- بدھ کی مکتی بھی اسی خودی میں ہی تھی- اب میں خود کو اسکی بانہوں میں محسوس کرتاہوں- یہ میری اپنی ذات ہے - اپنی ذات یعنی انانیت کہ جسے میں نے خارجی جی ع اناؤں کے ڈھیر سے نکالا - اس کی صورت کو آلایشیوں سے پاک کیا تو زیادہ منور اور پہچان کے قابل ہو گئی - اور کتنی خوبصورت ہے ! کیا سچی اور کیا اچھی تمام خوبیاں، حسن جلال بلندیاں اور تقدس اُسی میں ہیں- یہی ہے اور اس کے علاوہ جو کچھ ہے ، جھاگ ، حباب، فریب، دروغ، سراب، خیال اور بے ہودگی ہے----۸

من سر چشمہ خودی

یہ من جو خودی کا سر چشہ ہے، جس سے خودی جنم لیتی ہے جس کی تعمیر میں خودی اور جس کی تخریب سے تخریب خودی ہوتی ہے کیا چیز ہے؟ شریعتی اس کے متعلق یوں اظہار نظر کرتے ہیں :

ہر شخص ایک مجازی میں رکھتاہےاورایک س حقیقی۔ میرے عقیدے کے مطابق یہ وہی انسان سے جو ایک حقیقت واحد اور جو ہر ثابت رکھتا ہے ۔ اور اُس کی زندگی پوری تاریخ پر حاوی ہوتی ہے۔گوناں گوں اجسام میں وجود رکھتا ہے اور ہمیشہ چھوٹی چھوٹی اناؤں کے مجموعوں میں مدفون ہوتا ہے ۔ ہر فرد ایک قبرہے جس میں اُس نے انسان کو مدفون کیا ہوتا ہے۔ ہرشخص گندا کیچڑ یعنی " حماء مسنون" ہے کہ جس میں روح خداوند پنہاں ہوئی ہے اور ہر شخص ایک ایسی کھیتی ہے کہ جس میں انسان بننے کا بیج پنہاں ہوتا ہے اگروہ اُس کے متعلق آگاہی رکھتا ہو، اس کوپانی، دھوپ اور بارش فراہم کرےاس کی پرورش کرے، اس کے شگوفے نکلے تو انسان ہونے کا درخت : من مجازی آزاد ہو کر نشو و نما پاتا ہے "شجرة طيبة اصلها ثابت وفرعها في السما ۹ ایک پاک درخت جس کی جڑیں خاک کی گہرائی میں اور سر آسمان پر (خدا کی طرف واقعیت یوں ہی ہے۔ وہ آدمی جو آدم ہونے کے بیج کو اپنے وجودی قبرستان میں آگاتا اور پرورش کرتا ہے، کامیاب اور نجات یافتہ ہو جاتا ہے اور جو کوئی اسے مٹی تلے پوشیدہ رکھتا ہے وہ نا اُمید ہےاور اُسے کوئی حصہ نہیں ملتا ۔ " قد افلح من زکھا وقد خاب من دسھا ۱۰

اقبال جب من کی بات کرتا ہے تو کہتا ہے

اپنے من میں ڈوب کر پا جا سراغ زندگی
تو اگر میرا نہیں بنتانہ بن اپنا تو بن!
من کی دنیا ؟ من کی دنیا سوز و مستی جذب وشوق
تن کی دنیا ؟ تن کی دنیا سود و سودا نکیر و فن
من کی دنیا ہا تھ آئی ہے تو پھر جاتی نہیں
تن کی دنیا چھاؤں ہے آتا ہے دھن جاتا ہے دھن
من کی دنیا میں نہ پایا میں نے افرنگی کا راج

ISSN Online : 2709-4162
ISSN Print : 2709-4154
Volume.6, Issue.4 (2023)
(October- December)

من کی دنیا میں نہ دیکھے میں نے شیخ وبرہمن
پانی پانی کر گئی مجھ کو قلندر کی یہ بات
تو جھکا جب غیر کے آگے نہ من تیرا نہ تن۱۱

وحدت الوجود کے متعلق دونوں کے نظریات

اقبال فلسفی شاعر تھے اور شریعتی ایک ہے سوشیالوجسٹ ، مورخ اور نثرنگاردونوں نے اپنے اپنے قلم سے قوم کی بیداری اور اُس میں سعی و عمل پیدا کرنے کے مقدور بھر کوششیں ، بلکہ کامیاب کوششیں کیں - دونوں نے قوم کی بیماری کے - اسباب کے طور پرا وحدت الوجود، متصوفانہ نظریات ، اور قوت و عمل سے اپنے آپ اور اپنے ملی تقاضوں سے بیگانہ کرنے والے ، حد سے بڑھے ہوئے روحانی میلانات کو قرار دیا

اقبال کے نزدیک ملت اسلامیہ کے زوال کا سبب یہ تھا کہ وہ قوت عمل سے محروم ہو کر، کاہلی بے عملی اور روحانی تعیش میں پڑ گئی ۔ وحدت الوجود کے عقیدے نئے جو غیر اسلامی اثرات کا نتیجہ تھا ، ملت اسلامیہ کو عزت نفس اور قوت عمل سے محروم کر دیا تھا اور اس کا علاج یہ تھا کہ نفی خودی اور بے عملی کے اس فلسفے کا توڑ کرکے ، خودی کا احساس دلا کر فرد اور ملت میں سعی و عمل کی تازہ قوتیں پیدا کی جائیں ۔

علامہ کے نزدیک وحدت الوجود کا یہ نظریہ جو یونانی حکما کے ذریعے اسلامی تعلیمات میں در آیا ملت اسلامیہ پر بہت منفی اثرات مرتب ہوئے. وحدت الوجود کے نظریے کے متعلق شریعتی کے خیالات بھی یہی ہیں وہ اسے نفسیاتی بیماری قرا دیتے ہیں، جس کی بنا پر انسان اپنے آپ سے بیگانہ ہو جاتا ہے- اس ضمن میں شریعتی کہتے ہیں کہ پیسہ زدگی کی طرح میلان زہد بھی ایک بیماری ہے- وہ لکھتے ہیں دو ، دوسری چیز جو انسان کو اپنے آپ سے بیگانہ کرتی ہے زاہدانہ میلان ہے اور خودبیگانگی کی بیماری کا مفہوم بیان کیا ہر وہ عامل اور حالت جو اس بات کا موجب بنے کہ انسان اپنے آپ کو اپنے معنی میں محسوس کرنے کے بجائ کسی دوسری چیز کو اپنی جگہ محسوس کرے-پیسہ زدگی کی صورت میں وہ اپنے آپ کو محسوس نہیں کرتا اور دولت کو اپنی جگہ محسوس کرتا ہے - وہ اپنے اندر کو نہیں پاتا بلکہ وہ اپنی جگہ اُس دولت کی موجودگی کو پاتا ہے

ہے اوروحدت الوجود بشری ایلینیشن کی عظیم ترین بیماری ہے۔ALIENATION۱۲ی ہیں -تصوف ایک قسم کی

قوت اقبال اور شریعتی کے ہاں

اقبال کے نزدیک نظام عالم کی اصل خودی کی بیداری سے ہے اور وجودی تعینات کی زندگی کا تسلسل بھی استحکام خودی سے ہے - اقبال اس موضوع پر فرماتے ہیں

خویشتن راچوں خودی بیدار کرد آشکارا عالم پندار کرد
میکشداز قوت بازوے خویش تا شود آگاہ از نیروے خویش
وانمو دن خویش راخوے خودی است خفتہ در ھر ذرہ نیروےخودی است ۱۳

شریعتی بھی آگاہی اور ایمان سے پیدا ہونے والے اعجاز کے لئے قوت کے قایل ہیں وہ کہتے ہیں-

ISSN Online : 2709-4162
ISSN Print : 2709-4154
Volume.6, Issue.4 (2023)
(October- December)

اور وہ اعجاز جو کہ آگاہی اور ایمان سے پیدا ہوتا ہے اس قوت کے ساتھ ظہور پذیر ہوا کہ جمودا چانک حرکت میں، اور جہالت اچانک آگاہی میں تبدیل ہو جائے اور یہ چند صدیوں کا زوال، اچانک ، قیامت اور قیامت زا بیداری میں تبدیل ہوجائے۔ ١٤

اقبال قوت کے متعلق یوں اظہار رائے کرتے ہیں:

چوں حیات عالم از زور خودی است پس بقدر استواری زندگی است
قطرہ چون حرف خودی از بر کند ہستی بے مایہ راگوہر کند
سبزہ چون تاب ومیداز خویش یافت ہمت اوسینہ گلشن شگافت ١٥

شریعتی مغربی استعمار کے آگے ڈٹ جانے اور اسلامی سوسائٹی پر مزہب کے وسیلے سے طاری کی جانے والی خواب آلودہ کیفیت کے مقابلے کے لئے انسان قومی اور مزہبی قوت کو ضروری عامل قرار دیتے ہیں-اس ضمن میں ڈاکٹر شریعتی اپنی کتاب"بازگشت به خوشین میں ہی کہتے ہیں :

اور ایسی صورت میں روشن خیالی بھی (کیا مذھبی اور کیا غیر مذھبی) خود آگاہ انسان زندہ اور قوٰی بن کر اپنے آپ کی طرف واپس آئے" (حصول خودی کرے) اور مغربی استعمار کے مقابلے ہیں ڈٹ جائے اور اپنی سوسائٹی جو کہ مذہب کے وسیلے سے خواب آلودہ ہو رہی ہے- کو مذھبی قوت کے وسیلے سے بیدار کر کے متحرک کرے اور ایک تخلیق کنندہ معنوئ انسان کے پاؤں کے بل پر کھڑا کر کے ایک تہذیب و تمدن اور اپنی معنوی شخصیت کو جاری رکھنے والی نسل اور ایک " پرومته" (حسینی قوت سے) جو خدائی آگ کو زمین پرلایاکی شکل میں جلوہ گر ہو- ١٦-

عشق ومحبت استحکام خودی کے معاون-

آپ نے علامہ اقبال کی فلسفے کو بہترین طریقے سے بیان کیا ہے، ان کی فکری میراث کو سمجھایا ہے اور ان کے مصرعات کو پیش کیا ہے- علامہ اقبال کا تصور عشق اور عقل کی تناظریت کی روشنی میں آپ کی تشریح سے واضح ہوتا ہے کہ وہ ان کو ایک دوسرے کے مکمل نہیں بلکہ مکمل کنپشن کے حصوں کے طور پر دیکھتے تھے- علامہ اقبال کا فلسفہ عشق اور عقل کی ترقی کو اہم معیاریں بناتا ہے جو انسانیت کی ترقی اور فلاح میں مدد فراہم کرتے ہیں- عقل اور عشق کی موزوں مشترکہ استعمال کی روشنی میں، انسان اپنی عقل کو عشق کی راہ میں استعمال کرتے ہوئے اہم مقاصد اور قیمتوں کی تلاش کر سکتا ہے- آپ نے اقبال کے اشعار کی مثالیں بھی دی ہیں جو ان کی فلسفے کو مزید واضحیت دیتی ہیں، اور ان کی شاعری اور فکر کو آپ کے اس تشریح کے ذریعے سمجھانے میں مدد فراہم کرتی ہیں-

علامہ اقبال کی فلسفے کا تصور عشق اور عقل کا اہم حصہ رہا ہے اور ان کے افکار نے انسانی فکر اور تصور کو نئی روشنی میں دکھایا ہے- ان کی فکر کا مواصلہ اور ان کی شاعری کی ذات کی خصوصیت تھی جو نے ان کو ایک بزرگ فکری اور شاعری شخصیت بنایا-

ہر دو امیر کارواں، ہر دو بمنزل رواں
عقل به حیله می برد، عشق برد کشاں کشاں ١٧

ڈاکٹر علی شریعتی ذات کے زندان سے رہائی کے لیے عشق کو لازم قرار دیتے ہیں- شریعتی عشق سے مراد وہ قوت عظیم لیتے ہیں جو مصلحت شناسی اور حسابی عقل سے بالا تر ہو- جو قوت عظیم کے طور پر انسان کے باطن میں پنہاں ہے، جو اس کے وجود کی گہرائیوں کو اس پر منکشف کرتی ہے-یہ وہ باطنی قوت ہے جو انسان کے نفس کی برائیوں کے خلاف بغاوت کرتی ہے- زندان ذات داخلی زندان ہے- اس لیے

ISSN Online : 2709-4162
ISSN Print : 2709-4154
Volume.6, Issue.4 (2023)
(October- December)

اس سے رہائی کے لیے ایسی قوت کی ضرورت ہے جس کا سر چشمہ انسان کے باطن میں ہو اور عشق ایک باطنی قوت ہے- ۱۸ بقول اقبال-----

صدق خلیل بھی ہے عشق، صبر حسین بھی ہے عشق
معرکہ وجود میں بدر و حنین بھی ہے عشق ۱۹

مقاصد کے حصول میں جہد مسلسل کا نام عشق ہے، اور جد و جہد میں کامیابی کے لیے تین لازمی تقاضے ہیں جنھیں ملحوظ رکھنا ضروری ہے- اطاعت خداوندی، ضبط نفس اور نیابت الہی- ان تقاضوں کی ترتیب بھی یہی ہوگی کیونکہ یہ آپس میں باہم مربوط ہیں، ضبط نفس کے لیے ضروری ہے کہ انسان کسی قانون کا طابع بھی ہو اور نیابت کے لیے ضروری ہے کہ نفس پر اختیار بھی ہو-

عقل اگر عشق پر اثر انداز ہو تو انسان کے ذاتی مفاد کے لیے کام کرتی ہے لیکن جب عشق عقل کو قائل کرلے تو افراد کی فلاح کے لیے ایسے واقعات ظہور ہوتے ہیں کہ قوموں کی تقدیر بدل جاتی ہے-

بےخطرکودپڑاآتش نمرود میں عشق   عقل ہے محوتماشائے لب بام ابھی۲۰

مغرب نے جن علوم کو پیش کیا ان کی بنیاد فقط عقل پر رکھی ہے اور عقل کا شعار دوسروں کا چھین کر اپنا بنانا ہے جبکہ اقبال کا عشق دوسروں کے لیے کچھ کر گزرنے کا نام ہے، عقل حیلہ ساز اور عشق سراپا صداقت، عقل اگر مصلحت پسند تو عشق ہر لحضہ شر کی بیخ کنی کے لیے تیار   اور بقول اقبال :

یہ نغمہ فصل گل و لالہ کا نہیں پابند   ۲۱

اقبال عشق و محبت کو استحکام خودی کا ذریعہ قرار دیتے ہیں۔ اقبال کےنزدیک عشق مفتاح الباب ہے۔ عشق انسان کے قلب و نظراورخودی میں ایک آگ سی لگا کر اُس کو علو اور بلند مقاصد کے حصول کا جوش و جذبہ عطا کرتا ہے ۔ عشق انسان میں مقاصد آفرینی کر کے انسان کا اعلیٰ اقدار کے حصول میں ممد ہوتا ہے عشق اقبال کا خصوصی موضوع ہے۔ اقبال نے اپنے فارسی اردو اشعار اور نثری کلام میں جابجا عشق کا ایک اعلیٰ قوت کی حیثیت سے ذکر کیا ہے ۔ مثنوی اسرار خودی میں کہتے ہیں :

نقطہ نوری کہ نام او خودی است   زیر خاک ماشرار زندگی است
از محبت می شود پاینده تر   زنده تر سو زنده تابنده تر
از محبت اشتعال جوہرش   ارتقائے ممکنات مضمرش
فطرت او آتش اندوزد زعشق   عالم افروزی بیا موزدز عشق
عشق را از تیغ و خنجر باک نیست   اصل عشق از آب و باد و خاک نیست
در جہاں ہم صلح و ہم پیکار عشق   آب حیواں تیغ جو بردار عشق
از نگاہ عشق خاراشق بود   عشق حق آخر سراپا حق بود.
تشکرےپیدا کن از سلطان عشق   جلہ گر شوہر سر فاران عشق
تا خدائے کعبہ بنوازد ترا
شرح انی جاعل " سازد ترا ۲۲

شریعتی کے نزدیک بھی عشق وہ طاقت اور حرارت ہے جو بدن میں اک آگ سی لگا دیتا ہے - عشق انسان کو بلند اور عالی اقدار عطا کرتا ہے- عشق کے بغیر انسانی وجود حرکت سے محروم اور منجمد ہوتا

ISSN Online : 2709-4162
ISSN Print : 2709-4154
Volume.6, Issue.4 (2023)
(October- December)

ہے - عشق انسان کو وہ غیر مادی قوت عطا کرتا ہے جس کے ساتھ انسانوں کے عظم انقلابات کی تخلیق اور تاریخ سازی کی- شریعتی کے اپنے الفاظ ملا حظہ ہوں :

عشق وہ طاقت و حرارت ہے جوان کیلوریز یاپروٹینزسےجوبدن میں داخل ہوتی ہے پیدا نہیں ہوتایہ ایک نامعلوم منبع رکھتاہے جوتمام بدن میں آگ سی لگادیتاہےاوراسےپگھلادیتاہےحتیٰ کہااپنی نفی کرنےکی ترغیب دیتاہے ٢٣

عشق کے متعلق ہی شریعتی ایک دوسری جگہ کہتے ہیں :

معرفت عشق کے پیچھے پیچھے آتی ہے - عشق وہ غیر مادی قوت ہے جو انسان میں حرکت پیدا کرتی ہے اور اسی اساس پر مبنی ہے" : عشق مکتب عالی معرفت کی تجلیات کی جڑ ہے اور مذہب بھی اُس کا-ایک جلوہ ہے "

شریعتی، اپنی کتاب " انسان و اسلام میں عشق کے متعلق ان الفاظ میں اظہار نظر کرتے میں :

عشق مشتمل ہے ایک مقصد کے لئے سب کچھ قربان کرنے پر اور اُس کے بدلے میں طلب کچھ بھی نہ کرنا- یہ بہت بڑا انتخاب ہے - کیسا انتخاب ؟ اپنے آپ کو موت کے لئے منتخب کرنا تاکہ دوسرا زندہ رہے یا یہ کہ وہ ایک مقصد اور زندگی کا رکھنے والا اور ایک نصب العین کو حاصل کرنے والا بن جاۓ-٢٤

شریعتی کی خودی دراصل اس کی آگاہی یا خودآگاہی ہے-شریعتی اس آگاہی خودآگاہی کا ذکر کرتے ہوۓ کہتے ہیں

اس میں کوئی شک نہیں کہ یہاں پر مجزہ پیدا کرنے والے ایک عامل ہے - مگر یہ آگاہی ایک کشتی بھٹی یا سرکلر کی طرح نہیں ہےکہ جاری ہو گئی اور کام ہوگیا) نہ کا یہ ایک مارک شدہ اور سٹینڈرد شدہ غذائی مواد کے پیکیٹ کی طرح ہے کہ اچانک مغرب سے آئے اور روشن خیال اُس کو استعمال کریں یا ہروہ شخص جو اس کو استعمال کرے 'روشن خیال اور آگاہ ہو جائے - بلکہ ہ ایک مستقبل اور معاشرتی آگا ہی ہے کہ جس کی بنیاد اُن کی تاریخ اُن کی غلط روش اُن کی مشکلات اور اُن کے معاشرے کے انحطاط کے عوامل کی تاثیر پر ہوتی ہے - اور ایسی آگاہی جب لوگوں کو حاصل ہوتی ہے تو یہ اُنکے معاشرے کی فکر میں بجلی پیدا کر دیتی ہے - جس میں کا ہر ایک فرد آتش سماوی کو زمین پر لانے والا پرومتہ ") بن جاتا ہے اوراپنی سرزمین اور لوگوں میں ایک آگ لگا دیتا ہے یہ ایسی آگاہی ہے جس کے ساتھ عشق اور ایمان شامل ہوتا ہے ٢٥

اقبال اس مضمون کو یوں بیان کرتا ہے

جس بندہ حق بیں کی خودی ہوگئی بیدار شمشیر کی مانند ہے برندہ و براق !
اُس کی نگہ شوق پہ ہوتی ہے نمودار ہر ذرہ میں پوشیدہ ہے جو قوت اشراق !
اُس مرد خدا سے کوئی نسبت نہیں تجھ کو تو بندہ آفاق ہے وہ صاحب آفاق ۔
تجھ میں ابھی پیدا نہیں ساحل کی طلب بھی وہ پا کی فطرت سے ہوا محرم اعماق ٢٦

شریعتی کہتے ہیں کہ ایسا ایمان اور آگاہی جن کے ساتھ عشق شامل ہو معجزہ برپا کر سکتا ہے۔ وہ حاکمین تاریخ کے ہاتھوں بٹی ہوئی رسیوں سے تیار کر دو جالوں کو آن واحد میں بھسم کر کے اپنے معاشروں کو آن جالوں کا گرفتار ہونے سے نجات دلا سکتے ہیں۔ اگر افراد قوم استقامت ، قابلیت اور صلاحیت کار رکھتے ہوں وہ ایمان اور کلمے کے ساتھ (وابستہ رہیں اور

حالت ایمان میں مریں توآگاہی کی یہ چنگاری ضروربھڑک کرجمود اور نااُمیدی کاخاتمہ کردےگی۔ ۲۷

انسانی تکامل کے متعلق افکار کے لحاظ سے شریعتی و اقبال کے فکری روابط

موضوع مندرجہ بالا کے متعلق اقبال کہتا ہے :

یہ کائنات ابھی نا تمام ہے شاید   کہ آرہی ہے دمادم صدائے کن فیکون ۲۸

اقبال کا نظریہ حرکت مسلسل جدو جہد مسلسل اور عمل مسلسل کا نظریہ ہے- اقبال کے خیال میں انسانی ارتقا کی کوئی منزلی نہیں نہ ہی اس کی کوئی انتہا ہے - چونکہ خود خدا کی کوئی انتہا نہیں ہے اس لئے کہ اس کی تخلیق یعنی انسان جس کو اس نے زمین پر اپنا خلیفہ اور نائب بناکر بھیجا ہے کے مقام اور سیر علوی کی کوئی انتہا نہیں ہے-

شریعتی کے مطابق بھی انسان ہونا یا بننا ایک ثابت مرحلہ نہیں کہ ایک دفعہ بن گیا توقائم رہے گا- انسان ہمیشہ بننے اور تعمیر ہونے کی کیفیت میں ہے - وہ ہمیشہ لامتناہی ہستی یعنی خدا کی طرف بڑھنے اور ابدی تکامل کے حصول کے لئے مصروف عمل ہے- اُس کی منزل کوئی نہیں ہے - وہ ایک بے انتہاتکامل اور بے انتہا علو کی طرف بڑھ رہاہے-

شریعتی اطاعت و عبادت کے بعد "کار" یا "عمل" کو بھی خود سازی کا لازمہ خیال کرتے ہیں اور جس چیز کو اقبال نے بے خودی یا ملی خودی کہا ہے ، اُسی کو شریعتی مبارزہ اجتماعی کہتے ہیں- ۲۹- اسرار خودی کے تقریباً تین سال بعد اقبال نے اپنی کتاب میں بتایا کہ چونکہ فرد اور ملت دونوں ایک دوسرے کے لئے لازم و ملزوم ہیں لہذا فرد کی خودی کا مقصد بھی ملت کی خودی کی تعمیر ہوتا ہے-

فردوقوم آینہ یک دیگر اند   سلک وگوہرکہکشاں واختر اند ۳۰

بے خودی سے علامہ یہ مراد لیتے ہیں کہ فرد ملت کے مقابلے میں اپنی انفرادی خودی کو اس طرح قربان کر دیے تاکہ ملی خودی کی تعمیر ہو سکے.

اس ملی خودی کی تعمیر کو ہی شریعتی نے مبارزہ اجتماعی کے نام سے موسوم کیا ہے- بے خودی کے موضوع کے تحت علامہ ربط از دو ملت" کے ذیلی عنوان کے تحت مثنوی رموز بے خودی میں کہتے ہیں :

فرد را ربط جماعت رحمت است   جوہر اور اکمال از ملت است
تا توانی با جماعت یار باش   رونق ہنگامہ احرار باش
حرز جاں کن گفتہ خیر البشر   ہست شیطان از جماعت دورتر
پختہ تراز گرمی صحبت شود   تابمعنی فردہم ملت شود
فرد تنہا ازمقاصدغافل است   قوتش آشفتگی رامایل است
قوم با ضبط آشنا گرداندش   نرم رو مثل سبا گرد اندش
در جماعت خودشکن گردد خودی   تاز گلبرگےچمن گردد خودی ۳۱

فرد اور ملت کے ربط کے متعلق شریعتی کہتے ہیں کہ افلاطون نے انسان کا حیوان سیاسی کے طور پر ترجمہ کیا ہے جبکہ ہمارے دانش وروں نے انسان کا ترجمہ ایک اجتماعی حیوان ہونا کیا ہے ۔ شریعتی کے نزدیک انسان کا اجتماعی ہونا انسان کی مخصوص صفت نہیں ہے کیونکہ

ISSN Online : 2709-4162
ISSN Print : 2709-4154
Volume.6, Issue.4 (2023)
(October- December)

جیوانات میں سے بھی بہت سے انسان سے زیادہ اجتماعی ہوتے ہیں۔جیسے کہ شہدکی مکھیاں ۔ لہذا یہ سیاسی ہوناہے نہ کہ انسان کا اجتماعی ہونا ۔
شریعتی کے مطابق انسان کا سیاسی ہونا یعنی اس کا سیاسی طور پر بیدار ہو کراپنے حقوق کے حصول کے لئے مبارزہ اجتماعی میں شرکت اُس کی ذاتی تعمیر اور اُس کےمعاشرے کی ہمہ گیر تعمیر کے لئے ضروری عامل ہے- ۳۲
احیائ ملت اقبال اورشریعتی کے فکری روابط
اقبال ایک ایسی ہیت اجتماعیہ انسانیہ کی تبلیغ کرتے ہیں جو رنگ وطن اور نسب ونسل کے اختیارات کو ختم کر کے تمام کائنات کا احاطہ کر سکتی ہے- اقبال اسی ہیت اجتماعیہ انسانیہ" کو ملت اسلامیہ کہتے ہیں - بقول اُن کے:

اپنی ملت پر قیاس اقوام مغرب سے نہ کر خاص ہے ترکیب میں قوم رسول ہاشمی
انکی جمعیت کا ہے ملک و نسب پر انحصار قوت مزہب سے مستحکم ہے جمعیت تیری
دامن دیں ہاتھ سے چھوٹا تو جمعیت کہاں اور جمعیت ہوئی رخصت تو ملت بھی گئی ۳۳

ملی احیا کے لئے علی شریعتی ایک روشن خیال کی ذمہ داری کو پیغمبرانہ ذمہ داری قرار دیتے ہیں اور کہتے ہیں :
مگر ایک پیغمبر جب مبعوث ہو جاتا ہے تو وہ بلا تاخیر اپنے معاشرے کے لوگوں کی تلاش میں آتا ہے اور وحی اُس کو پہلا حکم دیتی ہے کہ اپنی انفرادی گوشہ گیری کی کملی اور مخصوص ذاتی ، خاندانی اور گروہی زندگی سے باہر آئے اور لوگوں کو بشارت دے نیز جھوٹ ، جہالت اور خرافات کے مظاہر پر حملہ آور ہو اور وہ جھوٹے معبود جن کو اُنہوں نے خود تراشا ہے کو توڑ دے- نیز عوام الناس، کمزوروں غلاموں محروموں اور بچارے مایوسوں کو بتا دے کہ " کئی بارا یک قلیل گروہ کثیر گروہ پر غالب آیا ہے"- اور کمزوروں و محکوموں کو بشارت دے کہ خداوند نے دنیا کی پیشوائی اور زمین کی وراثت کی اُن کے لئے بشارت دی ہوئی ہے - لہذا امر بالمعروف اور نہی عنالمنکر کر کے اس قیدی قوم کو جابروں فرعونوں ، قارونوں، جادو گروں اورعوام کو دھوکا دینے والے راہبوں سے نجات دلائے اور انہیں رہائی ، عدالت ، عزت آزادی اور ہدایت یافتہ ارض موعود کی طرف لے جائے اور آخر کار عوام کو زمین پر کی غلامی سے آسمان کی بلندی تک، افراد کی پرستش سے خدائی پرستش کی طرف اور ادیان کے ظلم سے اسلام کےعدل کی طرف بلائے-
اسلام کی اجتھاد کے ذریعےتعمیرنوکےموضوع پراظہارخیال کرتےہوئےکہتے ہیں
"اسلام کے اخلاقی اور اجتماعی مقاصد بھی بعضایسے توہمات کے زیر اثر جواُمم اسلامیہ کے اندر زمانہ قبل اسلام سے کام کر رہے تھے غیراسلامی شکل اختیار کرتے چلے گئے ان کے مقاصد اخلاقی و اجتماعی بھی تو اسلامی بہت کم ہیں عجمی عربی اور ترکی زیادہ ۔ نہ توحید کا صاف ستھرا اور پاکیزہ چہرہ کفر و شرک کے غبار سے محفوظ رہ سکا نہ قید مقامی کی روز افزوں پابندیوں نے اسلام کے اخلاقی مقاصد کی غیر شخصی اور عالمگیر نوعیت کوقایم اور برقرار رہنے دیا- لہذا اب کوئی چارہ کار ہے تو یہ

ISSN Online : 2709-4162
ISSN Print : 2709-4154
Volume.6, Issue.4 (2023)
(October- December)

کہ ہم اس قشر کو جو مضبوطی سے اسلام پر قایم ہوگیا اور جس نے جیون کے ایک ایسے مقصد کو جو سرا سر متحرک تھا بےجان اور تبدیل شدہ مرتب کیا ہوا ہے ختم کر ڈالیں اور یوں حریت یگانگت تحفظ و مظبوطی انسانیت کے لافانی حقایق کو پھر سے دریافت کرتے ہوئے خود کے سیاسی انسانی اور سماجی اغراض کی تعمیر انکے حقیقی پاک وسادہ و عالمگیر طریقے میں کریں۔

شریعتی احیائے ملت اسلامیہ کے لئے اپنی کتب و تقاریر میں بار بار اس بات پر زور دیتے ہیں کہ مسلمانوں کو اپنے حقیقی اور بنیادی اسلام اور قرآن کی طرف واپس آنا چاہئیے- اقبال کی طرح شریعتی بھی قرآن کو اپنا لائحہ عمل بنانے کو ہی مسلمانوں کی نجات اور فلاح کا راستہ اور ذریعہ قرار دیتے ہیں . شریعتی کہتے ہیں :- مسلمان اقوام کی آزادی خواہ تحریکیں بھی اُسی وقت کامیابی سے ہمکنار ہوں گی جب وہ معینہ (اسلامی) افکار کے اصولوں کی پیروی کریں اور ایک ایسا اعتقادی مکتب فکر رکھتی ہوں کہ جس میں فلسفیانہ اخلاقی، قومی، اجتماعی، اعتقادی اور سیاسی و غیرہ مسایل واضح طورپربیان کیےگئےہوں-اس کابنیادی نکتہ یہ ہے کہ اس اعتقادی مکتب کا محل اس موادکیساتھ جواسلام نےہمارےاختیارمیں دیاہےتعمیرہونا چاہیئےاوراسکی بنیادرکھنےکیلۓ قرآن کی نجات بخش اورمقدس تعلیمات سے الہام حاصل کرناچاہیئے- ٣٤

خفتگان کی بیداری -

اپنے معاشرے کے احیا اور اس میں بیداری پیدا کرنے کے موضوع پر بات کرتے ہوئے شریعتی اپنے معاشرے کے سوئے ہوؤں کو بیدار کرنے اور بیدار شدگان جو (میدان سے) بھاگ رہے میں کو رک کر ڈٹ جانے کی ترغیب دینے کو اپنا فریضہ قرار دیتے ہیں- اسی طرح سے اقبال بھی اپنی ملت کی بیداری اور احیا کو اپنا فرض قرار دیتے ہیں-

اس موضوع پر علامہ بزبان اُردو کہتے ہیں :

ہر درد مند دل کو رونا مرا رُلادے   بیہوش جو پڑےہیں شایداُنہیں جگادے ٣٥

امت کے جسم کامل میں احیا کی ضرورت ہےنہ کہ اس کے الگ الگ اجزاءاعضاء کی تجلیل

اس موضوع پر شریعتی کہتے ہیں :

ایک فکر اور ایک روح ایک صحیح جسم اور ایک واقعی کل میں موجود ہوتے ہیں - لیکن اگر اعضا کو ایک دوسرے سے الگ الگ کر دیں تو اس جسم کا اثر ختم ہو جائے گا- تب جتنا بھی ہم ان کوایک دوسرے سے الگ شدہ عناصر اور جدا شدہ اجزا کی زیادہ تجلیل کریں گے اور جتنا بھی ان علیحدہ شدہ اجزائی کی زیادہ افزائیش کر کے ان کوتکامل دیں گے ان کی کھوئی ہوئی روح واپس نہیں آئے گی- ختم شدہ روح اور مٹی ہوئی شخصیت اس جسم کی مکمل طور پر تعمیر نو کرنے سے ہی نمودار ہوگی ٣٦

اقبال اس خیال کو ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں :

ڈالی گئی جو فصل خزان میں شجر سے ٹوٹ   مکن نہیں ہری ہو سحاب بہار سے
ہے لازوال عہد خزاں اس کے واسطے   کچھ واسطہ نہیں ہے اسے برگ و بار سے
ہے تیرے گلستان میں بھی فصل خزاں کا دور   خالی ہے جیب گل زر کامل عیار سے
شاخ بریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تو   نا آشنا ہے قاعدہ روز گار سے

ملت کے ساتھ رابطہ استوار رکھ   پیوستہ رہ شجر سے اُمید بہار رکھ ۳۷
: فرد قائم ربط ملت سے ہے تنہا کچھ نہیں   موج ہے دریا میں اور بیرون دریا کچھ نہیں ۳۸

شریعتی اس بات کا قائل ہے کہ اسلام ایک اجتماعی اور ملی مذہب ہے اس کا گوشہ نشینی اور راہبانیت کی کوئی گنجائش نہیں ہے- فرد اور ملت ایک دوسرے کی ترقی استحکام اور تکامل کے لئے ضروری ہیں- فرد معاشرے اور ملت سے الگ کچھ بھی نہیں اور ملت کا وجود بھی افراد ہی سے ہوتا ہے- اس بارے میں شریعتی کہتے ہیں

"اگر کوئی فرد اپنے آپ کو سیل بلا سے نجات دلا دے اور خود ایک اجتماعی زوال سے نجات پاجائے۔ اگر چہ ایسا کر کے وہ کامیاب بھی ہو جائے اور فی الواقع اُس نے اپنے آپ کو بچا بھی لیا ہو ، نہ اُس نے دامن تر کیا ہو اور نہ پھسلا ہو، تو بھی وہ انتہائی بڑی خیانت کا مرتکب ہوا ہے اس لئے کہ اُس کا سب سے بڑا فریضہ دوسروں کی اصلاح کرتا اور اپنی ملت کی اصلاح تھا جو اُس نے نہیں کی دوسروں کے ساتھ خیانت کرکےاپنی خدمت نہیں کی جاسکتی۔ ۳۹

قبال اس موضوع پر اپنے خیالات کا اظہاردرج ذیل اشعار میں کرتے ہیں:

اپنی اصلیت پہ قائم تھا تو جمعیت بھی تھی   چھوڑ کر گل کو پریشان کاروان بُو ہو
زندگی قطرے کی سکھلاتی ہے اسرار حیات   یہ کبھی گوہر کبھی شبنم کبھی آنسو ہوا
آبروباقی تری ملت کی جمعیت سے تھی   جب یہ جمعیت گئی دنیا میں رسوا تو ہوا ۴۰

"اسلام سعی و عمل ، جدوجہد اور حرکت و قوت کا مذہب ہے

ایسا اسلام اور معاشرہ جو سعی و عمل جدو جہد اور حرکت و قوت نہ رکھتا ہو یا اسلام ، جب تک اُس کا تعلق فرداورخدا، انفرادی زندگی اور آخرت سے رہے، بے جان ہوتا ہے- اسلام دشمن طاقتیں اُسے اپنا مخالف سمجھنے کی بجائے اپنا موافق سمجھتی ہیں - استعماری طاقتیں ایسے اسلام کی اور جہاد سے خالی اسلام کی مزاحمت کرنے کی پروا نہیں کرتیں ایسا اسلام تو اُن کے لئے بجائے نقصان کے فائدہ رکھتا ہے-

شریعتی کے خیال میں اسلام جب ایک موج ، ایک تحریک، بیداری و قوت ، انسان سازی اور ملت سازی کے عامل کے طور پر اُبھرے تو خطر ناک ہو جاتا ہے اور تب استعمار کی نظروں میں کھٹکنے لگتا ہے - شریعتی کے الفاظ ملا حظہ ہوں :

مگر جب اسلام وسطی صدیوں کے جامد اور روایتی خول سے باہر آنا چاہئے، اپنے اخلاقی، نفسیاتی اور باطنی حدود کے انفرادی رابطے سے نکل کر ایک موج، ایک دعوت ایک ذمہ دارانہ فریضےکی شکل اختیار کرے-انسان سازی اور جدیدنسل کی توجہ مبذول کرنے کے عامل کی حیثیت سے اُبھرے اور زمین و زمان میں پھیل جائے تو استعمار کی نظروں میں خطرناک ہو جاتا ہے- ۴۱

اقبال کہتے ہیں :

دل مردہ دل نہیں ہے اسے زندہ کر دوبارہ   کہ یہی ہے اُمتوں کے مرض کُہن کا چارہ
تیرابھرپُر سکوں ہے ! یہ سُکوں ہے یا فسُوں ہے؟   نہ نہنگ ہے نہ طوفان نہ خرابی کنارہ ۴۲

یعنی جب مسلمان مردہ دلی اور بے عملی کی زندگی کو ترک کر کے کوشش و عمل کے ذریعے مبارزہ حیات میں اپنا مقام بناتا ہے- جب وہ سکون ساحل کے مقابلے میں ہستم اگر میروم گرنہ روم نیستم کے

ISSN Online : 2709-4162
ISSN Print : 2709-4154
Volume.6, Issue.4 (2023)
(October- December)

وطیرے پر عمل پیرا ہو کر بے ہمتی اور سکون کی زندگی کو ترک کرتا ہے تو تب وہ باطل قوتوں کی نظروں کی آنکھ کا کانٹابن جاتا ہے اور خطرناک ہو جاتا ہے- لہذا اقبال بھی شریعتی کی طرح احیا کا درس ہی ملت مسلمہ کو دیتے ہیں -

دل بیدار پیدا کر کہ دل خوابیدہ ہے جب تک　　نہ تیری ضرب ہے کاری نہ میری ضرب سے کاری ٤٣

شریعتی استعمار اور عالمی امپریلزم کواسلام کےکھلےدشمن قراردیتاہے-لہزاان کیطرف سےاسلام دشمنی اوراسلام مخالفت کو وہ اُصولی دشمنی قراردیتا ہے-شریعتی کہتاہے

ہماری نسل جس کا سارا اسلحہ اُس کی ذاتی آگا ہی پر منحصر ہے اور جس کی تمام دولت اُس کا انفرادی احساس ذمہ داری ہے- تمام دنیا میں اُس کے دشمن اور رقیب ہی اُس کے مخالف نہیں ہیں- بلکہ وہ جو ظاہری طور پر اُس کا ہمفکر ہم مذہب اور ہم ملت ہے بھی اُس کو نہیں سمجھتا اور اُس کا ادراک نہیں کرتا- وہ نہ صرف اُسے تنہا چھوڑ دیتا ہے بلکہ پشت سے اُسےخنجر بھی گھونپتاہے-

شریعتی ملت اسلامیہ کے اسی جوان اورانقلابی فکررکھنےوالی نسل اور گروہ کےمتعلق یوں اظہارِرائےکرتےہیں

ایک طرف تووہ آئیڈیا لوجیز ہوتی ہیں کہ جن کے لئے واشنگٹن سے لے کر ماسکو تک فکری غذا تیار ہوتی ہے- بڑی بڑی قابل، فلسفی ، اہل ہنر اور علمی ہستیاں اُن کی خدمت کر رہی ہوتی ہیں اُس کے برعکس یہ چھوٹا سا گروہ ہے جو اپنے پاؤں کے بل پر اپنے. ایمانی رابطے کی بنیاد پر تنہا کھڑا ہے اور چند ایک لکھنے والے تقریر کرنے والے یا مفکرین جو خود اس کی ذات سے بھی زیادہ تنہا ہوتے ہیں- جنکی ساری کی ساری جائیداد کسی نہ کسی کے گھر کا ایک کو نہ اور چند ایک قلم ہوتے ہیں- ایسے لوگ جو اس نسل اور اس تحریک کے لئےفکری مال تیار کرتے ہوں کی ساری ہستی اتنی ہی کچھ ہوتی ہے اور آسانی کے ساتھ ان کا گلا دبایا جا سکتا ہے - سادگی کے ساتھ ان کے قلموں کو توڑا جا سکتا ہے- ان کے لبوں کو سیا جا سکتا ہے- ٤٤

